© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**فقہ السنہ (حصہ اول)** تالیف جناب محمد عاصم صاحب، شائع کردہ مکتبہ چراغ راہ، کراچی، ضخامت ۴۰۸ صفحات مجلد قیمت آٹھ روپے۔

اس کتاب میں مسلمانوں کے پانچ مشہور ترین مذاہب فقہیہ (مذاہب اربعہ اور مسلک اہل حدیث) کا تقابلی مطالعہ کرتے ہوئے ان کے مسائل و احکام کو دلائل شرعیہ کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ ایک ضخیم تر تالیف کا پہلا مطبوعہ حصہ ہے اور اس میں صرف طہارت اور نماز کے مسائل جمع کیے گئے ہیں۔ انداز ترتیب یہ ہے کہ اس کے متن میں بالعموم وہ مسائل بیان کیے گئے ہیں جو تقریباً متفق علیہ ہیں اور جن جزئی تفصیلات میں اختلاف ہے، انہیں حواشی میں الگ الگ بیان کر دیا گیا ہے۔ اس کتاب کی بنیادی خوبی یہ ہے کہ اس میں ہر مسلک کے مفتیٰ بہ اور معمول بہ قول کو صرف نقل کرنے پر اکتفا نہیں کیا گیا ہے بلکہ اس کے حق میں جو دلائل کتاب و سنّت یا قیاس و اجتہاد پر مبنی ہیں انہیں بھی مجملاً بیان کر دیا گیا ہے۔ اس سے ایک عام مسلمان بآسانی اندازہ کر سکتا ہے کہ اہلِ اسلام کا کوئی مسلّم فقہی مکتب ایسا نہیں ہے جس کے مستنبط کردہ مسائل و جزئیات عمومی اعتبار سے بے اصل اور بے بنیاد ہوں یا کتاب و سنّت کے دائرے میں ان کے لیے کوئی گنجائش موجود نہ ہو۔ ان فقہی مذاہب میں فرق و امتیاز حق اور باطل کا نہیں بلکہ بحث و اختلاف جو کچھ بھی ہے وہ افضل اور مفضول راجح اور مرجوح میں ہے۔ اتنی اصولی بات اگر ہر شخص کے ذہن نشین ہو جائے تو یہ صورت بالکل گوارا بلکہ ایک حد تک ناگزیر اور مطلوب ہے کہ ایک عامی مسلمان ان معروف اور جانے پہچانے فقہی مسالک سے اجمالی تعارف حاصل کر لینے کے بعد ان میں سے کسی ایک کے ساتھ فی الجملہ وابستہ رہے۔ لیکن دوسروں کے بارے میں رواداری سے کام لے۔ زیرِ نظر

© rasailojaraid.com